سوال

(193) مسجد کے تہہ خانہ پر مالِ زکوٰۃ کا استعمال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسجد کے نیچے تہہ خانہ بنا کر طلبا کو قرآن وحدیث کی تعلیم دی جائے اور وہ مسجد کا حصہ نہ ہو تو کیا اس کی تعمیر پر زکوٰۃ کی رقم لگائی جا سکتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر مسجد کے نچلے حصہ کو مکمل طور پر راستہ جدا کر کے مسجد کے حکم سے علیحدہ کر دیا جائے تو ایسی صورت میں اس پر مالِ زکوٰۃ صرف ہو سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب المساجد: صفحہ :191

محدث فتویٰ